## 2377 ـ مؤقت شادی

**سوال**

تقریبا چار ہفتے قبل میری ایک عرب مسلمان شخص سےملاقات ہوئی اس نے مجھے بتایا کہ اسے مجھ میں خاص لگاؤ ہے اورمیرے ساتھ رہنے میں رغبت رکھتا ہے ، اوران ملاقاتوں کو صحیح اورقائم کرنے لیے اس نے مجھے کہا کہ میرے ساتھ مؤقت طور پر شادی کرلو ۔
میں نے اس مؤقت شادی کے معانی تلاش کرنے کی کوشش کرنا شروع کردی ، میں اس شخص سے حقیقی طور پر محبت کرتی ہوں اوراس سے شادی کرنا چاہتی ہوں ، لیکن جومجھے ظاہر ہوا ہے کہ ہوسکتا کہ ہم بالفعل شادی کرلیں ، مجھے اس موضوع کے بارہ میں کچھ علم نہیں میری گزارش ہے کہ آپ اس موضوع کی وضاحت کریں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد لله.

الحمدللہ

شریعت اسلامیہ میں کوئی ایسی چیز نہیں جسے مؤقت شادی کانام دیا گیا ہو ، جوشخص بھی ایسا کرتا ہوا پایا گیا اسے زنا کی حد کا سامنا کرنا پڑے گا جیسا کہ عمربن خطاب رضي اللہ تعالی عنہ کا قول ہے :

( اس مسئلہ میں میرے پاس جوبھی لایا گیا میں اسے حد لگاؤں گا ـ ـ ) ۔

لیکن کچھ بدعتی اورگمراہ لوگ آج تک نکاح متعہ کوحلال سمجھتے ہیں جو کہ مؤقت شادی کی ایک قسم ہی ہے ، حالانکہ شریعت اسلامیہ میں متعہ منسوخ ہوچکا ہے ۔

اس لیے آپ پر واجب اور ضروری ہے کہ آپ اس سے بچ کررہیں ، اورآپ کی خواہش اورجذبات آپ پر غالب آکر کہیں آپ کوحق پر چلنے سے دور نہ کردیں ۔

واللہ اعلم .